نیشنل انڈر19 تھری ڈے ٹورنامنٹ کے پہلے راؤنڈ کا دوسرا روز مکمل

لاہور،6نومبر2020 :

نیشنل انڈر19 ون ڈے چیمپئن شپ کے بعد نیشنل انڈر19 تھری ڈے ٹورنامنٹ میں بھی دفاعی چیمپئن سندھ کے عدیل میو کی شاندار آلراؤنڈکارکردگی کا سلسلہ جاری ہے۔نوجوان آلراؤنڈر کی عمدہ کارکردگی کی بدولت ایل سی سی اے گراؤنڈلاہور میں جاری میچ کادوسراروزسندھ کے نام رہا۔ کھیل کے اختتام پر بلوچستان کی ٹیم اپنی دوسری اننگز میں صرف 11رنزکی سبقت ہی حاصل کرسکی ہے جبکہ اس کے 6کھلاڑی آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ چکے ہیں۔129رنزکے خسارے سے اپنی دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی بلوچستان کی ٹیم میچ کے آخری روز140رنز6کھلاڑی آؤٹ سے کھیل کادوبارہ آغاز کرے گی۔کپتان ابراہیم سینئر91اور اورنگزیب2رنزبناکرناٹ آؤٹ ہیں۔ میچ کی پہلی اننگزمیں 3وکٹیں حاصل کرنے والے عدیل میودوسری اننگز میں بھی اب تک 3کھلاڑیوں کو آؤٹ کرچکے ہیں۔اس سے قبل سندھ نے4وکٹوں کے نقصان پر160رنزسے میچ کے دوسرے روز اپنی پہلی اننگز کادوبارہ آغاز کیاتواس کی پوری ٹیم290رنزبناکر آؤٹ ہوگئی۔عدیل میونے84اورغازی غوری نے76رنزبنائے۔ دونوں کھلاڑیوں نے پانچویں وکٹ کے لیے143رنزکی شراکت قائم کی۔محمد ابراہیم سینئرنے3وکٹیں حاصل کیں۔بلوچستان کی ٹیم اپنی پہلی اننگزمیں 57.3اوورزمیں 161رنزبناکرآؤٹ ہوگئی تھی۔

سنٹرل پنجاب اور سدرن پنجاب کے درمیان قذافی اسٹیڈیم لاہورمیں جاری میچ ڈراکی جانب گامزن، میچ کے دوسرے روز سنٹرل پنجاب کے اسپنرارحم نواب نے شاندار باؤلنگ کا مظاہرہ کیا۔نوجوان آف اسپنر28اوورزمیں 59رنزکے عوض 7کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی ۔ دن کے اختتام پر سدرن پنجاب نے سنٹرل پنجاب کے 334رنزکے جواب میں اپنی پہلی اننگزکے 78 اوورزمیں 8وکٹوں کے نقصان پر254رنزبنالیے ہیں۔محمد عمار87اورطاہرحسین48کے انفرادی اسکورسے میچ کے آخری روز

کا آغاز کریں گے۔ دونوں بلے باز نویں وکٹ کے لیے اب تک 109 رنز کی شراکت قائم کرچکے ہیں۔ اس سے قبل سنٹرل پنجاب نے 80 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 315 رنز سے اپنی پہلی اننگز کا دوبارہ آغاز کیا تو ان کی ٹیم مقررہ 83 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 334 رنز ہی بنا سکی۔ محمد وقاص 131 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ اویس عباس اور محمد شہزاد نے 2،2 وکٹیں حاصل کیں۔

مریدکے کنٹری کلب لاہور میں جاری میچ میں خیبرپختونخوا نے ناردرن کے خلاف 100 رنز کی برتری حاصل کرلی ہے جبکہ اس کی 4 وکٹیں ابھی باقی ہیں۔ 65 رنز کے خسارے سے دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی کے پی کی ٹیم نے میچ کے دوسرے روز کھیل کے اختتام پر 6 وکٹوں کے نقصان پر 165 رنز بنالیے ہیں۔ معاذ صداقت 80 رنز بناکر ٹاپ اسکورر رہے۔ ناردرن کے عادل ناز اور مبصر خان 2،2 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔ احمد خان 11 اور حارث خان 6 کے انفرادی اسکور سے میچ کے آخری روز کا آغاز کریں گے۔ اس سے قبل کے پی کے 113 رنز کے جواب میں ناردرن کی پوری ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 178 رنز بناکر آؤٹ ہوئی۔ مبصر خان 68 رنز بناکر نمایاں رہے۔ اظہار احمد اور ذیشان احمد نے 3،3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

About the National U19 Three-Day Tournament

- *The National Three-Day Cricket Tournament 2020-21 for the teenagers will be played from 5 November and the final, a four-day affair to be played at the Gaddafi Stadium, will begin on 26 November*

- *Three cities will host 16 matches at four venues, namely Country Club Ground, Muridke (2); Gaddafi Stadium, Lahore (6); LCCA Ground, Lahore (5); Rana Naveed Academy, Sheikhupura (3). Detailed schedule is here*

- *PKR2.5million are up for grabs in the tournament as the winning team will bag PKR1.5million and the best performers will receive PKR50,000 each*

- *Sindh will be defending the title they won after defeating Northern by seven wickets in*

Sheikhupura

- *To ensure health and safety of the players and all those involved, the tournament is played under strict Covid-19 [protocols]*

- *The tournament serves as a platform for the up and coming cricketers to impress the selectors and stake a claim in Pakistan U19 side. The six Cricket Association U19 squads are available here*